(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَةُ مِن بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِیِّ وَالْعِتْرَة

کا ترجمہ

مؤلف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظہ

نام کتاب	....	مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)
مولف	....	آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ
مترجم	....	حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی
اہتمام	....	مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)
ناشر	....	ادارہ منہاج الصالحین لاہور
پروف ریڈنگ	....	غلام حیدر چوہدری
ہدیہ	....	=/200 روپے

حضرت مہدیؑ کے قیام کا وقت ہے کہ مومنین اگرچہ اپنی قبروں میں ہوں گے اس وقت خوش ہوں گے۔ (تفسیر برہان ۳/ ۲۵۸ حدیث ۱۳ ملخصاً)

مہدیؑ منبر کوفہ پر

(۵۸/۵۷۱) کلینیؒ کتاب روضہ کافی میں امام صادقؑ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

كأني بالقائم على منبر الكوفة وعليه قبا فيخرج من وريان قبائه كتابا مختوما بخاتم ذهب فيفكه فيقرأه على الناس فيجفلون عنه اجفال الغنم فلم يبق إلا النقباء فيتكلم بكلام فلا يجدون ملجأ حتى يرجعوا إليه وإني لأعرف الكلام الذي يتكلم به

"گویا میں حضرت قائم علیہ السلام کو کوفہ کے منبر پر دیکھ رہا ہوں جنہوں نے بدن پر قبا پہنی ہوئی ہے۔ اس قبا کی جیب سے ایک تحریر نکالیں گے جس پر سونے کی مہر لگی ہوگی۔ اس مہر کو توڑیں گے اور تحریر کو لوگوں کے لئے پڑھیں گے۔ لوگ تحریر کو سن کر بھیڑ بکریوں کی طرح ادھر ادھر بھاگیں گے اور سوائے حضرت کے خاص اصحاب کے کوئی باقی نہ رہے گا اور میں حضرت مہدیؑ کے اس کلام کو اچھی طرح جانتا ہوں"

(الکافی ۸/ ۱۶۷ حدیث ۱۸۷، بحار الانوار ۵۲/ ۳۲۶ حدیث ۴۱، الوافی ۲/ ۴۵۸ حدیث ۸)

مہدیؑ تین چیزوں کو قتل کریں گے

(۵۹/۵۷۲) شیخ صدوقؒ خصال ۱/ ۱۶۹ حدیث ۲۲۳ میں امام صادق علیہ السلام اور امام رضا علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

لَوْ قَدْ قَامَ الْقَائِمُ لَحَكَمَ بِثَلَاثٍ لَمْ يَحْكُمْ بِهَا أَحَدٌ قَبْلَهُ يَقْتُلُ الشَّيْخَ الزَّانِيَ وَيَقْتُلُ مَانِعَ الزَّكَاةِ وَيُوَرِّثُ الْأَخَ أَخَاهُ فِي الْأَظِلَّةِ

حکم جاری کریں گے جن کے بارے میں ان سے پہلے نہ سنا ہوگا جس طرح سنا
گیا ہوگا۔ ایک بڈھے دیلی شخص کو قتل کریں گے دوسرا جو زکوۃ دینے سے
انکار کرے گا اسے قتل کریں گے۔ اور جو شخص عالم ذر میں کسی شخص کا بھائی
ہوگا اگرچہ اس دنیا میں دشمن بھی ہو اس کو وارث دیں گے"

(بحارالانوار ۵۲/۳۰۹ سے بحوالہ اثبات الہداۃ ۳/۴۹۵ حدیث ۲۵۶)

مہدیؑ اور صلیب

(۶۰/۵۲۳) شیخ صدوقؒ کتاب خصال ۲/۵۹۹ میں امیر المومنینؑ سے ایک مفصل حدیث نقل کرتے ہیں کہ حضرت نے اپنی ستر فضیلتیں بیان کیں جو صرف آپ کے ساتھ خاص ہیں اور اس میں دوسرا کوئی شریک نہیں ہے فضیلت نمبر ۴۳ میں فرماتے ہیں۔

فان الله تبارک وتعالی لن یذهب بالدنیا حتی یقوم منا القائم یقتل مبغضینا ولا یقبل الجزیة ویکسر الصلیب والاصنام ویضع الحرب اوزارها ویدعو الی اخذ المال فیقسمه بالسویة ویعدل فی الرعیة

"خدا تبارک و تعالی اس وقت تک اس دنیا کو ختم نہ کرے گا مگر یہ کہ ہم اہل بیت علیہم السلام میں سے ایک قائم قیام کرے۔ وہ ہمارے دشمنوں کو ہلاک کرے گا اور کسی سے جزیہ نہ لے گا۔ صلیب اور بتوں کو توڑ ڈالے گا۔ لوگوں کو مال لینے کے لئے بلائے گا اور مال ان کے درمیان مساوی تقسیم کرے گا امت کے درمیان عدل وانصاف کو جاری کرے گا"

فضیلت نمبر ۵۷ میں فرماتے ہیں: رسول خداؐ سے میں نے سنا ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

یَا عَلِیُّ سَیَلْعَنُکَ بَنُو اُمَیَّةَ وَیَرُدُّ عَلَیْهِمْ مَلَکٌ بِکُلِّ لَعْنَةٍ اَلْفَ لَعْنَةٍ
فَاِذَا قَامَ الْقَائِمُ لَعَنَهُمْ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً